آزاد جموں و کشمیر پبلک سروس کمیشن، مظفر آباد

ٹیلیفون نمبر:05822-920214 فیکس نمبر:05822-920204

پریس ریلیز:۔

آزاد جموں وکشمیر پبلک سروس کمیشن کے زیر اہتمام، محکمہ جنگلات کی اسسٹنٹ کنزرویٹر فاریسٹ (بی۔17) اور فاریسٹ رینجرز (بی۔16) کی آسامیوں کیلئے انتخاب کے سلسلہ میں قبل ازیں جاری شدہ پریس ریلیز نمبر پی ایس سی/امتحانات/ 52-2026/2043 مورخہ 22 اکتوبر 2026 میں انتظامی اُمور کے پیش نظر دوڑ کے مقام اور تاریخ میں ردوبدل کرتے ہوئے، بذیل ترمیمی پروگرام جاری کیا جاتا ہے۔ **بدیں وجہ، قبل ازیں جاری شدہ پریس ریلیز متذکرہ فوری طور پر منسوخ تصور ہوگی۔** لہذا اُمیدواران مطابقاً آگاہ رہیں۔

(ترمیمی پروگرام بذیل ہے)

نمبر شمار	نام آسامی	تاریخ دوڑ	بوقت	مرد/خواتین	بمقام
01	اسسٹنٹ کنزرویٹر فاریسٹ (بی۔17)/ فاریسٹ رینجرز (بی۔16)	01-11-2026 " "	10 بجے دن " " "	خواتین اُمیدواران " "	کرولی گراؤنڈ تا سُبڑی سری نگر روڈ مظفر آباد
02	اسسٹنٹ کنزرویٹر فاریسٹ (بی۔17) فاریسٹ رینجرز (بی۔16)	01-11-2026 " "	02 بجے دن " " "	مرد اُمیدواران " "	ایضاً

۱۔ خواتین امیدواران کو صبح 08:30 سے 09:30 بجے تک، دوڑ کے مقام (کرولی گراؤنڈ) میں پہنچنا لازمی ہوگا، تاکہ (Physical & documentary verification)، کا عمل مکمل کرتے ہوئے، بروقت دوڑ کا آغاز کیا جاسکے۔ تاخیر سے آنے کی صورت میں دوڑ میں شامل ہونے کی اجازت نہ ہوگی۔ جس کی ذمہ داری متعلقہ امیدوار پر عائد ہوگی۔

۲۔ مرد امیدواران کو دن 12:30 سے 01:30 بجے تک دوڑ کے مقام (کرولی گراؤنڈ) میں پہنچنا لازمی ہوگا، تاکہ (Physical & documentary verification)، کا عمل مکمل کرتے ہوئے، بروقت دوڑ کا آغاز کیا جاسکے۔ تاخیر سے آنے کی صورت میں دوڑ میں شامل ہونے کی اجازت نہ ہوگی۔ جس کی ذمہ داری متعلقہ امیدوار پر عائد ہوگی۔

۳۔ قواعد کے تحت ایسے امیدواران جو 06 کلومیٹر کا فاصلہ 40 منٹ میں دوڑ کر طے کریں گے، وہی اگلے مرحلے کیلئے کوالیفائی کریں گے اور وہ امتحان/ٹیسٹ کیلئے اہل تصور ہونگے۔

۴۔ امیدواران کے کال لیٹر آزاد جموں وکشمیر پبلک سروس کمیشن کی ویب سائٹ www.ajkpsc.gov.pk پر اپ لوڈ کر دیئے گے ہیں۔ امیدواران کو بذریعہ ڈاک کال لیٹر ارسال نہیں کئے جائیں گے، تاہم پریس ریلیز ہذا بشکل اشتہار، اخبارات میں بھی شائع کی جائے گی، تاکہ جملہ امیدواران مطلع ہوں۔ اگر کسی امیدوار کا کال لیٹر ویب سائیٹ پر دستیاب نہ ہو تو وہ اپنا نام اور رول نمبر، لسٹ سے ڈاؤن لوڈ کرتے ہوئے یا اصل بینک چالان رسید دکھا کر، دوڑ میں شامل ہوسکتا ہے۔ امیدواران کال لیٹر کے علاوہ اصل شناختی کارڈ بہر صورت پیش کرنے کے پابند ہونگے۔ مزید معلومات کیلئے بذیل نمبرات پر رابطہ کیا جاسکتا ہے 822-920205,920206,920208,920214,920201۔

ڈپٹی ڈائریکٹر (امتحانات)

نمبر پی ایس سی/امتحانات/ 44-2134/2026 مورخہ 27 اکتوبر 2026

ASSISTANT CONSERVATOR OF FOREST (B-17), FORREST RANGER (B-16)

PHYSICAL TEST (RACE)

Starting point "Karoli Ground" Ending Point "Near Subri Slide Shelter"



Running Distance: 6 Km | Time Limit: 40 Minutes